## سوال

(496) فیملی سسٹم میں ایک ہی قربانی کافی ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک ہی گھر میں والد باروزگار ہے۔ پنشن بھی ملتی ہے بیٹا بھی روزگار ہے۔ ایک ہی گھر میں فیملی سسٹم پر رہتے ہیں۔ کیا دونوں پر علیحدہ علیحدہ قربانی فرض ہے یا ایک ہی قربانی کافی ہے؟ (ایک سائل) (۱۰ جون ۱۹۹۴ء)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایک قربانی ایک اہل بیت کی طرف سے کافی ہو سکتی ہے۔ حدیث میں ہے:

'یَا أَیُّھَا النَّاسُ إِنَّ عَلَی کُلِّ أَہْلِ بَیْتٍ فِی کُلِّ عَامٍ أُضْحِیَّةً' (سنن ابن ماجہ، بَابُ الْأَضَاحِیِّ، وَاجِبَۃٌ ہِیَ أَمْ لَا، رقم: ۳۱۲۵، سنن ابی داوٗد، بَابُ مَا جَاءَ فِی إِیجَابِ الْأَضَاحِیِّ، رقم: ۲۷۸۸)

''یعنی ہر گھر والوں پر ہر سال ایک قربانی ہے۔'' سنن ابن ماجہ میں بعض دیگر روایات بھی اس کی مؤید ہیں۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

**فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی**

**جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 377**

محدث فتویٰ